
© rasailojaraid.com



مولانا عبد القیوم حقانی

# تبصرہ کُتب



**مولانا ابوالکلام آزاد (آثار و افکار)** | تالیف۔ پروفیسر محمود واجد ہاشمی۔ صفحات ۱۲۰۔ قیمت ۲۵ روپے
پتہ۔ مکتبہ شاہد، علی گڑھ کالونی۔ کراچی ۴۱

بظاہر تو بات اتنی سی ہے کہ جناب پروفیسر محمود واجد صاحب نے مولانا ابوالکلام آزاد سے قریبی تعلق اور تلمذ کا رشتہ رکھنے والی ایک شخصیت محمد ابراہیم زکریا عرف مسٹر صاحب کو دریافت کیا ان کی صحبت سے خود استفادہ کیا ان کے سوانح ضروری حالات اور مولانا آزاد کے بارے میں ان کے خیالات کو انٹرویو کے ذریعہ مرتب کیا نیز ان کے پاس مولانا مرحوم و مغفور کے جو نادر غیر مطبوعہ خطوط تھے انہیں حاصل کر کے مرتب کر دیا اور ان کی اشاعت کے ذریعے ان علمی و تاریخی جواہر پاروں کے فیضانِ عام کا انتظام کر دیا۔ مگر مولانا آزاد کے یہ خطوط علم و فکری لحاظ سے بہت اہم، اور مولانا کے بعض حالات اور سیرت کے بعض پہلوؤں کی تعیین میں واضح نقوش کی حیثیت رکھتے ہیں۔ مجموعے کا پہلا خط تو معارف کا سرچشمہ، بصائر و حکم کا گنجینہ، نہایت روح پرور اور ایمان افروز ہے۔ اس مختصر مجموعہ خطوط میں مولانا کے اسلوب نگارش کی دل ربائی اور افکار کی عطر بیزی کا عالم ہی دوسرا ہے۔ تالیف کے آخر میں "اشارات درس قرآن حکیم" کا عنوان ہے۔ یہ مولانا کے درس قرآن حکیم کے وہ مجمل نوٹس ہیں جو مرحوم زکریا نے لئے تھے۔ بلاشبہ اس میں بعض مطالب بہت اہم اور فکر انگیز ہیں ان سے مولانا آزاد کے مطالعے کی وسعت و جامعیت اور ان کے فکر کے ارتقاء کا اندازہ ہوتا ہے۔ تاہم بعض جگہ صرف کوئی نام، یا غیر متعلق اور بے معنی جملہ ہے جسے مرتب نے اپنے لئے اشارہ لکھا ہوگا۔ جو اب بعد والوں کے لئے معمہ بن سکتا ہے۔ شروع میں معروف سکالر اور ابوالکلامیات کے محقق جناب ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری کے ۹ صفحات کا جامع اور وقیع مقدمہ اور ۱۸ صفحات کا تعارفی مقالہ ہے جسے کتاب کی روح کہا جا سکتا ہے۔

پیش نظر مجموعہ مکاتیب امید ہے کہ علمی، ادبی، تاریخی اور ابوالکلام آزاد سے ارادت رکھنے والے حلقوں میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

**خطبات و مواعظ جمعہ** | تالیف۔ مولانا حافظ مشتاق احمد عباسی۔ صفحات ۵۸۲
قیمت ۱۲۰ روپے۔ ملنے کا پتہ:۔ ادارہ صدیقیہ نزد جبین ڈی سلوا گارڈن ولسیٹ نشتر روڈ۔ کراچی ۳



© rasailojaraid.com